
6

# کشمیر

4331CH06

میں نے ہندوستان کے پہاڑی مقامات دیکھے۔ شِملہ، نینی تال اور رانی کھیت کی بھی سیر کی۔ ہم مہابلیشور تین دن جا کر رہے، لیکن سب سے زیادہ سیر میں نے کشمیر کی کی ہے۔ سری نگر اور آس پاس کے علاقے تو چھان ہی ڈالے۔ اس کے علاوہ پام پور، سون مرگ، مانس بن جھیل جس کے چاروں طرف کنول کے پھولوں کے تختے اسے عجیب حسن بخشتے ہیں۔



© NCERT not to be republished

یوں تو کشمیر کا چپّہ چپّہ جنّتِ ارضی معلوم ہوتا ہے، لیکن مجھے پہلگام سب سے زیادہ پسند ہے۔ اس کی سیر سے جی کبھی نہیں بھرتا۔ پہلگام سے اوپر اونچی پہاڑیوں پر شان دار اور خوب صورت مناظر ملتے ہیں۔ اونچی اونچی برف پوش چوٹیاں اور گہری سرسبز وادیاں ایک طرف نظروں کو اسیر کر لیتی ہیں تو دوسری طرف گھوڑوں کے پھِسل جانے کے ڈر سے خوف بھی معلوم ہوتا ہے۔ چندن واڑی پہنچ کر دور تک چشمے پر جمی ہوئی برف سڑک کے مانند دیکھی۔ اس پر چلے، برف توڑ کر کھائی اور سردی سے جم جم سے گئے۔




گل مرگ کئی بار گئے۔ اس سے تین میل نیچے ٹنگ مرگ کی وادی ہے جس کا چشمہ دریا کے برابر چوڑا ہے۔ گل مرگ سے تین میل پتلی پگڈنڈیوں پر پیدل یا ٹٹو پر سوار ہو کر



کھِلن مرگ جاتے ہیں۔ یہاں برف جمی ملتی ہے۔ یہاں کی ہوا ہلکی ہے۔ میرا سانس رکتا محسوس ہوتا تھا مگر اس وقت ان باتوں کی پروا کسے تھی۔

(صالحہ عابد حسین)

© NCERT not to be republished



# مشق

## پڑھیے اور سمجھیے

| | |
|---|---|
| مقامات | جگہیں |
| چشمہ | وہ جگہ جہاں سے پانی خود نکلتا ہے، سوتا |
| سرسبز | ہرا بھرا |
| اسیر | گرفتار |
| برف پوش | برف سے ڈھکا ہوا |
| حُسن | خوب صورتی |
| حُسن بخشنا | خوبصورتی بڑھانا |
| چپّہ چپّہ | کونا کونا |
| جنّتِ ارضی | زمین پر جنت |
| مناظر | نظارے، چیزیں جو نظر آئیں |
| ٹٹو | دبلا پتلا چھوٹا گھوڑا |
| پگڈنڈی | وہ راستہ جس پر صرف پیدل چلا جا سکے، کھیتوں کا تنگ راستہ |



© NCERT not to be republished



## سوچیے اور بتائیے

1. سبق میں کن جھیلوں کا ذکر ہے؟

..............................................................

2. گل مرگ سے کھلن مرگ کس طرح پہنچتے ہیں؟

..............................................................

3. چندن واڑی کے بارے میں کیا بتایا گیا ہے؟

..............................................................

4. کشمیر کا چپّہ چپّہ کیسا معلوم ہوتا ہے؟

..............................................................

5. چار پہاڑی مقامات کے نام لکھیے۔

..............................................................



## نیچے دیے گئے الفاظ کا پہلا حرف ہٹا کر نیا لفظ بنائیے

مثال : منظر — نظر

برس — .............

مناظر — .............



© NCERT not to be republished

مرگ ..............

عجب ..............

گہری ..............



## کالم ’الف‘ اور ’ب‘ کو مثال کے مطابق ملایئے

| الف | ب |
| --- | --- |
| سردی | پاس |
| پھول | پتلا |
| زیادہ | گرمی |
| دور | کانٹے |
| موٹا | کم |

## درست املا والے لفظ پر صحیح (✓) کا نشان لگایئے

| | |
| --- | --- |
| کشمیر ☐ | کسمیر ☐ |
| کھوف ☐ | خوف ☐ |

© NCERT not to be republished

| | |
|---|---|
| محسوس ☐ | محصوص ☐ |
| وکت ☐ | وقت ☐ |
| مقام ☐ | مکام ☐ |



## نیچے دیے گئے جملوں پر غور کیجیے

- ہم پہاڑوں کی سیر کرنے گئے۔
- تین میل تک پگڈنڈیوں تک چلے۔

ان جملوں میں 'پہاڑوں' اور 'پگ ڈنڈیوں' 'پہاڑ' اور 'پگ ڈنڈی' کی جمع ہے۔ اسی طرح مثال کے مطابق نیچے دیے گئے واحد کی جمع لکھیے

مثال : نظر نظروں

بات .............

پھول .............

پہاڑی .............

گہرائی .............

مِیل .............





© NCERT not to be republished

## نیچے دی ہوئی تصویروں پر دو دو جملے لکھیے









© NCERT
not to be republished

## نیچے دیے گئے الفاظ کے آخری حرف کو ہٹا کر نیا لفظ بنایئے اور بلند آواز سے پڑھیے

| پہاڑی | کمی | دیکھی | سردی | چوٹی | پانی |
|---|---|---|---|---|---|
| پہاڑ | | | | | |

## ذیل میں دیے گئے لفظوں کے حروف مثال کے مطابق الگ الگ کرکے لکھیے

مثال : معلوم = م ع ل و م

کشمیر = ☐ ☐ ☐ ☐ ☐

حسن = ☐ ☐ ☐

مانند = ☐ ☐ ☐ ☐ ☐

پسند = ☐ ☐ ☐ ☐

## بلند آواز سے پڑھیے اور خوش خط لکھیے

ہندوستان ........ ........ ........ ........ ........

پھولوں ........ ........ ........ ........ ........

© NCERT not to be republished

پسند ........ ........ ........ ........ ........

چشمہ ........ ........ ........ ........ ........

محسوس ........ ........ ........ ........ ........

## کشمیر

کشمیر کو اس کی قدرتی خوبصورتی کی وجہ سے دنیا کی جنت کہا جاتا ہے۔ یہاں کے لوگ کشمیری زبان بولتے ہیں۔ کشمیر اپنی دست کاریوں کے لیے دنیا بھر میں مشہور ہے۔ جن میں کشمیری قالین، پشمینہ شال، پیپر ماشی اور اخروٹ کی تراشیدہ لکڑی کا کام شامل ہے۔ موسیقی اور رقص کشمیری تہذیب کا اٹوٹ حصہ ہیں۔

کشمیر میں مختلف قسم کے پکوان بھی بنائے جاتے ہیں جیسے وازوان سماوار کا خوش بودار زعفرانی قہوہ یہاں کے ذائقوں میں شامل ہے۔

© NCERT not to be republished



**اس پیراگراف کی روشنی میں نیچے دیے ہوئے نکات پر بچوں سے گفتگو کیجیے**

1. کشمیر تو بہت خوبصورت جگہ ہے، آپ نے کون کون سے خوبصورت مقامات

دیکھے ہیں۔ ان کی خوبصورتی کے بارے میں بتائیے؟

2. کشمیر کے لوگ کشمیری زبان بولتے ہیں، آپ کے علاقے میں کون کون سی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

3. آپ نے کشمیر کے بنے ہوئے کون کون سے سامان دیکھے ہیں۔ آپ اپنے علاقے میں بننے والے سامانوں کے بارے میں بتائیے؟

4. آپ نے کشمیری لوک گیت رقص کے ساتھ اگر سنا اور دیکھا ہے تو آپ اس کے بارے میں بتائیے کہ کیا کیا اچھا لگا؟

5. کشمیری لباس کیسا ہوتا ہے، اس میں آپ کو کیا اچھا لگتا ہے؟



## کیجیے

آپ نے کسی دل چسپ مقام کی سیر کی ہے تو نیچے دی گئی جگہ میں اپنی سیر کے بارے میں لکھیے

....................................................................................................

....................................................................................................

....................................................................................................

....................................................................................................

© NCERT not to be republished

## رنگ بھریے



## لطیفہ / چٹکلہ

استاد (شاگرد سے) : دستک کو جملے میں استعمال کیجیے۔

شاگرد : جناب مجھے دس تک گنتی آتی ہے۔

## اساتذہ کے لیے ہدایات

- طلبا سے سفر نامہ پر گفتگو کروائی جاسکتی ہے۔
- ان کے کسی سفر پر بات چیت کر کے لکھوایا جاسکتا ہے۔
- کشمیر کی تہذیب، رہن سہن، لباس اور اس کی دست کاری سے متعلق ایک ویڈیو بھی دکھایا جاسکتا ہے۔

© NCERT not to be republished